سب کے لیے

# صحت سہولت پروگرام خیبر پختونخوا

## معلوماتی کِتابچہ



محکمہ صحت حکومت خیبر پختونخوا

# صحت سہولت پروگرام حکومتِ خیبر پختونخوا

حکومتِ خیبر پختونخوا کا ایک اور انقلابی قدم ''صحت سہولت پروگرام'' کی صوبہ کی تمام آبادی تک رسائی۔ صحت سہولت پروگرام کی صوبہ میں بے انتہا مقبولیت اور عوام کے بہترین مفاد کے پیشِ نظر صحت سہولت پروگرام کا دائرہ کار اب صوبہ کی 100 فیصد آبادی تک بڑھا دیا گیا ہے۔ صحت کی سہولیات آج کل ایک بنیادی ضرورت بن چکی ہیں۔ صحت مند شہری ہی ایک صحت مند معاشرے کی اکائی ہے اور اس صحت مند معاشرے کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے موجودہ حکومت ایک فلاحی ریاست کی حیثیت سے کئی اقدامات اٹھا رہی ہے جن میں صحت سہولت پروگرام ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ صحت سہولت پروگرام کے اجراء سے پہلے جب تک مریض کے پاس معقول رقم موجود نہیں ہوتی تھی تو اس کے لیے کسی نجی (پرائیویٹ) ہسپتال میں علاج کروانے کا تصور بھی مشکل تھا۔ عوام کی انہی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس پروگرام کے تحت منتخب نجی اور سرکاری ہسپتالوں میں داخلے کے ذریعے علاج کی بہترین سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ اس پروگرام میں صوبہ کے وہ تمام افراد جن کا نادرا ریکارڈ کے مطابق مستقل پتہ صوبہ خیبر پختونخوا کا ہے کو شامل کیا جا رہا ہے۔ پروگرام کے تحت خاندان کے سربراہ اور اس کی شریک حیات اور غیر شادی شدہ افراد بھی پروگرام کے ذریعے علاج کی سہولت سے مستفید ہو سکیں گے۔ پروگرام میں ہر فرد کے ثانوی علاج کے لیے سالانہ حد مبلغ 40,000 روپے اور پورے خاندان کی ترجیحی علاج کی سالانہ حد مبلغ 400,000 روپے ہو گی۔

مریض کو مفت کال سینٹر کی سہولت بھی دستیاب ہے جس کے ذریعے وہ 89898 0800 پر مفت کال ملا کر پروگرام کی معلومات اور علاج معالجہ سے متعلق رہنمائی بھی حاصل کر سکتا ہے۔



## صحت سہولت پروگرام میں کن افراد کو شامل کیا گیا ہے؟

صوبہ کے وہ تمام افراد جو نادرا ریکارڈ کے مطابق گھر کے سربراہ ہیں اور ان کا مستقل پتہ صوبہ خیبر پختونخوا کا ہے وہ پروگرام میں شمولیت کے حقدار ہیں اور اسی پروگرام کے ذریعے ان کی بیوی اور غیر شادی شدہ بچے بھی سہولیات حاصل کر سکتے ہیں۔

## صحت سہولت پروگرام کے تحت کن ہسپتالوں میں علاج کی سہولت حاصل کی جاسکتی ہے؟

صحت سہولت پروگرام کے تحت ہسپتالوں کا باقاعدہ انتخاب کیا جاتا ہے اور صرف ان ہی ہسپتالوں میں پروگرام کے تحت صحت کی سہولیات حاصل کی جاسکتی ہیں۔ رجسٹرڈ شدہ ہسپتالوں کی فہرست الگ سے دی جائے گی۔ برائے مہربانی علاج کے لیے فہرست میں موجود ہسپتالوں میں سے اپنے قریب ترین ہسپتال کا انتخاب کریں۔ (مزید تفصیل ہمارے ٹول فری نمبر یا رجسٹرڈ شدہ ہسپتال میں موجود نمائندہ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔)

## صحت سہولت پروگرام میں شامل علاج

### ثانوی علاج

صحت سہولت پروگرام میں رجسٹرڈ گھرانے کا سربراہ اس کی شریک حیات اور غیر شادی شدہ بچے سالانہ فی کس مبلغ 40,000 روپے کا ثانوی علاج کروا سکتے ہیں۔ ثانوی علاج میں وہ تمام تر علاج شامل ہیں جن کا علاج ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر درجہ کے ہسپتال میں کیا جاسکتا ہو اور وہ ایکسکلوژن (صفحہ نمبر 7) میں شامل نہ ہوں۔ (مزید تفصیل ہمارے ٹول فری نمبر یا رجسٹرڈ شدہ ہسپتالوں میں موجود نمائندوں سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔)



# ترجیحی علاج

صحت سہولت پروگرام رجسٹرڈ خاندانوں کو خاندان بھر کے لیے سالانہ 400,000 روپے تک کے علاج کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔

ترجیحی علاج میں درج ذیل بیماریاں شامل ہیں:

- امراض قلب اور شریان
- اتفاقیہ اور حادثاتی علاج
- ثانوی سطح کی بیماریوں کی پیچیدگی کی صورت میں ریفرل
- ذیابطیس سے متعلق پیچیدگیاں جن میں ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو جائے
- گردے کی پیوندکاری (پروگرام میں دیگر اعضاء کی پیوندکاری شامل نہیں)۔
- مصنوعی بازو یا ٹانگ (پروستھیٹیکس)
- تمام نوعیت کے سرطان
- گردے اور مثانے کی بیماریاں بشمول ڈائیلسس
- چھاتی کے سرطان کی اسکریننگ
- نیوروسرجری



## ریفرل کا طریقہ کار

ہسپتال میں داخلے کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے ضلع کے ہسپتالوں سے رجوع کریں۔ اگر آپ کے ضلع کے ہسپتالوں میں آپ کی بیماری کا علاج مہیا نہیں تو صحت سہولت کاؤنٹر پر موجود ہمارا نمائندہ آپ کو اس رجسٹرڈ کردہ ہسپتال ریفر کردے گا جہاں اس بیماری کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ ہسپتال میں موجودہ نمائندہ سے ریفرل لیٹر لینا نہ بھولیں تا کہ آپ کو ریفر کردہ ہسپتال میں داخلہ کے لیے کسی قسم کی زحمت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ایمرجنسی کی صورت میں آپ سے ریفرل لیٹر کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا۔ ریفرل لیٹر حاصل کرنے میں کسی بھی قسم کی دشواری کی صورت میں ہمارے ٹول فری نمبر 89898 0800 پر رابطہ کر کے اپنی شکایت درج کرائیں۔

## ہسپتالوں میں داخلے کے دوران کون سے اخراجات شامل ہیں

- ہسپتال کے جنرل وارڈ میں داخلہ
- ڈاکٹر اور سرجن کے اخراجات
- زیر علاج تجویز کردہ ادویات
- آپریشن تھیٹر
- آئی سی یو ICU
- سی سی یو CCU
- بے ہوشی کے ڈاکٹر کی فیس
- تشخیصی ٹیسٹ
- ڈسچارج کے وقت پانچ دن کی ادویات

## ضروری ہدایات:

ہسپتال میں داخلے کے لیے جانے سے پہلے یہ اطمینان کرلیں کہ آپ کے پاس خاندان کے سربراہ اور مریض کا اصل قومی شناختی کارڈ موجود ہے (18 سال سے کم عمر کے مریضوں کا نادرا سے جاری کردہ فارم ''ب'' جمع کروانا ضروری ہوگا)۔

ہر قسم کا او پی ڈی علاج اس پروگرام میں شامل نہیں۔ اس کے علاوہ جو علاج شامل نہیں ان کا ذکر علیحدہ سے اس دستاویز میں (ایکسکلوژن صفحہ 7) موجود ہے۔

## دیگر سہولیات

- پروگرام کے تحت ہسپتال میں حمل یا زچگی کی صورت میں سفری اخراجات کی مد میں 1,000 روپے کی ادائیگی کی جائے گی۔
- ایک ہسپتال سے دوسرے ہسپتال میں ترجیحی علاج کے لیے بھیجے جانے اور داخلے کی صورت میں ہسپتال 2,000 روپے سفری اخراجات ادا کرے گا (ادائیگی وہ ہسپتال کرے گا جہاں علاج ہو جائے)۔
- اگر مریض نامزد کردہ ہسپتال میں دورانِ علاج فوت ہو جائے تو اس کی تجہیز و تکفین کے لیے مبلغ 10,000 روپے ادا کئے جائیں گے۔

یاد رکھیں کہ پروگرام کے تحت سال بھر میں صحت کی سہولت حاصل نہ کرنا آپ کو کسی بھی رقم کی ادائیگی کا حقدار نہیں بناتا۔

## صحت سہولت پروگرام میں علاج حاصل کرنے کا طریقہ



1۔ بیماری یا حادثے کی صورت میں صحت سہولت پروگرام کے نامزد کردہ قریبی ہسپتال سے رجوع کریں۔



2۔ آپ ٹول فری نمبر 0800 89898 پر کال کر کے ہسپتال کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔



3۔ صحت سہولت کا عملہ ہسپتال کے استقبالیے پر آپ کی رہنمائی کے لیے موجود ہوگا۔ اس کو اپنا قومی شناختی کارڈ دیں۔

4۔ اگر آپ کو دوسرے ضلع سے ریفر کیا گیا ہے تو وہاں کا جاری کردہ ریفرل لیٹر دکھائیں۔



5۔ صحت سہولت کا عملہ جانچ کرے گا اور متعلقہ شعبہ تک آپ کی رہنمائی کرے گا۔



6۔ علاج مکمل ہونے کے بعد صحت سہولت کا عملہ آپ کو بچ جانے والی رقم کی معلومات بھی فراہم کرے گا۔

## صحت سہولت پروگرام میں ان باتوں کا خیال رکھیں

- اس پروگرام کے تحت ہسپتال میں داخلے اور علاج کے لیے صرف وہی افراد مستحق ہیں جن کے قومی شناختی کارڈ میں مستقل پتہ خیبر پختونخوا ہو۔
- ان دستاویز کو سنبھال کر رکھیں تا کہ بوقت ضرورت ان میں موجود معلومات سے استفادہ کیا جا سکے۔
- ہسپتال میں داخلے کے وقت اپنا اور مریض کا قومی شناختی کارڈ ضرور دکھائیں تا کہ آپ کا علاج مفت ہو سکے۔
- شادی شدہ بیٹیاں آپ کے خاندان کا حصہ نہیں ہیں لہٰذا ان کا شمار آپ کے خاندان کے افراد میں نہیں کیا جا سکتا۔
- مریض کی عمر 18 سال سے کم ہونے کی صورت میں ان کا نادرا سے جاری کردہ فارم ''ب'' دکھانا لازمی ہوگا۔
- یہ پروگرام آپ اور آپ کے گھرانے کے افراد کے لیے ہے، اس کے تحت ان لوگوں کا علاج نہیں کیا جا سکتا جو نادرا ریکارڈ کے مطابق آپ کے خاندان کا حصہ نہیں ہیں۔
- گھرانے کے ایک فرد کی رقم دوسرے کو منتقل نہیں کی جا سکتی۔
- دوسرے ضلع کے رہائشی اپنے ضلع سے جاری کردہ ریفرل لیٹر لینا نہ بھولیں۔

## درج ذیل بیماریوں کا تحفظ اس پروگرام میں شامل نہیں

- ہر قسم کا او پی ڈی علاج۔
- جان بوجھ کر اپنے آپ کو زخمی کرنے کا علاج، خودکشی، شراب نوشی، نشہ آور ادویات یا اشیاء کا استعمال، جنسی بیماریاں۔
- تمام نفسیاتی، ذہنی، اعصابی بیماریاں، جنسی مسائل (چاہے ذہنی آسودگی کے لیے ہوں یا دیگر)، اعصابی تناؤ، نفسیاتی پریشانیاں، گھراہٹ، ذہنی دباؤ وغیرہ۔
- بانجھ پن اور اس سے متعلق علاج، حاملہ ہونے کے طریقہ کار اور اس سے متعلق علاج، ہارمونز کی خرابی کا علاج اور ان سے متعلق تشخیصی ٹیسٹ۔
- کسی بھی تفریحی کھیل یا مقابلے/ پُرخطر کھیل/ تمام پیشہ ورانہ کھیل۔ ان کی تربیت اور ان میں حصہ لینے سے رونما ہونے والے حادثے کے باعث درکار علاج۔
- کسی بھی غیر قانونی حرکت کے نتیجے میں درکار علاج۔
- بلوہ، فساد، عوامی شورش، دہشتگردی اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کا علاج۔ حالاتِ جنگ اور فوجی اقدامات کے نتیجے میں درکار علاج
- ایٹمی تنصیبات سے اخراج یا ایٹمی اسلحے کے مواد کے باعث درکار علاج۔

- آرام برائے صحت یابی اور خدمات یا گھر میں علاج، اسپا، ہائیڈروکلینک، سینی ٹوریم، نرسنگ ہوم، لمبے عرصے تک کے لیے ایسی جگہ علاج جو ہسپتال نہ ہو۔
- ایڈز اور اس سے متعلق تمام علاج، تشخیصی ٹیسٹ وغیرہ۔
- تجرباتی اور غیر مستند علاج۔
- کاسمیٹک سرجری و پلاسٹک سرجری، ہیئر ٹرانسپلانٹ، دانتوں کا معائنہ، فلنگ، ایکسرے اور دانتوں سے متعلق علاج۔
- بینائی کی درستگی سے متعلق جراحی جیسا کہ ریڈیل ایگزائمر وغیرہ۔
- معمول کا طبی معائنہ، ہسپتال سے خارج ہونے کے بعد علاج، تشخیصی ٹیسٹ کروانے کے لیے داخلہ، طبی سرٹیفکیٹ، ملازمت کے حصول یا سفر کے لیے طبی معائنہ، چشمہ، کانٹیکٹ لینز۔ آلہ سماعت اور وہ تمام علاج جو طبی طور پر ضروری نہ ہوں۔
- کاسمیٹک یا پلاسٹک جراحی بشرطیکہ کسی زخم کی وجہ سے ضروری نہ ہو۔
- ڈونر کے علاج معالجے کا خرچہ (ماسوائے اس ڈونر کے جو گردے کے ٹرانسپلانٹ کے لیے اپنے خرچہ پر طبی طور پر اہل ثابت ہو چکا ہو)۔
- پروگرام کے تحت رجسٹرڈ شدہ ہسپتال کے علاوہ کسی اور ہسپتال میں علاج۔
- ہسپتال میں غیر ضروری داخلہ
- کسی بھی قسم کے معاونتی اوزار یا ساز وسامان۔
- قدرتی آفات جیسے سیلاب، زلزلہ، برف کا طوفان جھکڑ اور دیگر آفات کے علاوہ پین ڈیمیک اور اپیڈیمیک۔
- سواری یا ڈرائیونگ کے مقابلوں میں حصہ، بطور فوجی، سرکاری ملازم، پیشہ ورانہ ذمہ دار، کوہ پیمائی۔
- خون اور ڈونر کے خون کی گروپنگ، اسکریننگ اور کراس میچنگ۔
- ذاتی آرام کے اخراجات جیسے فون کال، مریض کا کھانا اور دیگر اخراجات جو طبی طور پر ضروری نہ ہوں۔

**ہمیں امید ہے کہ صحت سہولت پروگرام کے ذریعے ہم اپنی عوام کی صحت کے بنیادی مسائل کے حل میں ان کے معاون ثابت ہوں گے۔**

# اسٹیٹ لائف

انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

اسٹیٹ لائف
انشورنس کارپوریشن آف پاکستان

# صحت سہولت پروگرام


زونل و پراجیکٹ آفس

پہلی منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ

34-دی مال پشاور کینٹ

خیبر پختونخوا

ٹول فری نمبر: 0800 89898